حصہ ''الف'' کثیر انتخابی سوالات''

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ مرثیہ گو شاعر کون ہیں۔
(مرزا غالب ۔ میر انیس ۔ میر دبیر ۔ علامہ اقبال)

۲۔ کتاب ''ذخیرۃ الخوانین'' کا مصنف کون ہے؟
(میر معصوم شاہ ۔ شاہ بھٹائی ۔ شیخ فرید بکھری ۔ ابوالفضل فیضی)

۳۔ کانگریس کی بنیاد کس سن میں ڈالی گئی۔
(1923ء ۔ 1906ء ۔ 1890ء ۔ 1885ء)

۴۔ کس غزوہ میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دانت مبارک شہید ہوئے تھے؟
(بدر ۔ خندق ۔ احد ۔ خیبر)

۵۔ رئیس فدک نے غلے کے کتنے اونٹ بھیجے تھے؟
(چار ۔ چھ ۔ دس ۔ بارہ)

۶۔ چینی زبان میں ''نی ہاؤ'' کا مطلب ہے۔
(خوش آمدید ۔ آپ کا شکریہ ۔ مزاج شریف ۔ خدا حافظ)

۷۔ محمود غزنوی کے والد کا نام تھا۔
(التمش ۔ ظہیر الدین بابر ۔ بہادر شاہ ظفر ۔ سبکتگین)

۸۔ سرسید احمد خان کا انتقال کس سن میں ہوا تھا۔
(1898ء ۔ 1890ء ۔ 1879ء ۔ 1843ء)

۹۔ قرطبہ کے قاضی کا نام کیا تھا؟
(عبداللہ ۔ زبیر ۔ یحیٰ بن منصور ۔ ان میں سے کوئی نہیں)

۱۰۔ مسلم لیگ کے الہ آباد والے اجلاس کی صدارت کس نے کی تھی؟
(قائداعظم ۔ لیاقت علی خان ۔ علامہ اقبال ۔ سرسید احمد خان)

۱۱۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی کی کون سی نظم نصاب میں شامل ہے؟
(نعت ۔ غزل ۔ وائی ۔ حمد)

۱۲۔ بہادر شاہ ظفر کی ولادت کس سن میں ہوئی؟
(1860ء ۔ 1825ء ۔ 1775ء ۔ 1757ء)

۱۳۔ کلہوڑوں کے دور حکومت میں کس شہر کو عراق ثانی سمجھا جاتا تھا؟
(کراچی ۔ حیدرآباد ۔ سیہون ۔ ٹھٹھہ)

۱۴۔ سید سلیمان ندوی کی وفات کہاں ہوئی؟
(کراچی ۔ لاہور ۔ لکھنو ۔ دہلی)

۱۵۔ رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کے کس نے جاری کیا تھا؟
(سرسید احمد خان ۔ مولانا حالی ۔ مولانا محمد حسین آزاد ۔ مولانا شبلی)

حصہ ''ب'' (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے نو سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

سوال ۲۔ آنکھ کھلنے پر لڑکے نے کیا فیصلہ کیا۔

سوال ۳۔ ہبار بن الاسود کون تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

سوال ۴۔ مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت کیوں ہے؟

سوال ۵۔ متضاد بتائیں۔ آغاز ۔ تلخ ۔ فنا ۔ نیک

سوال ۶۔ جملے بنائیں۔ استاد کامل ۔ نام ونمود ۔ ماشاءاللہ ۔ بسم اللہ

سوال ۷۔ حمد کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال ۸۔ اسم مکبر بنایئے۔ گھڑی ۔ لاٹھی ۔ ڈھولک ۔ چھری

سوال ۹۔ اللہ تعالیٰ کس قوم کی حالت نہیں بدلتا؟

سوال ۱۰۔ نظم ''برسات'' پڑھنے سے کیا نقشہ ذہن میں آتا ہے؟

سوال ۱۱۔ الفاظ کے اسم صفت بنایئے۔ عادل ۔ فقیر ۔ باغی ۔ شاعر

سوال ۱۲۔ سرسید احمد خان کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سوال ۱۳۔ قرطبہ کے قاضی کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

حصہ ''ج'' (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: صرف تین سوالات کے جواب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال ۱۴۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن لکھیں۔

''تقلید کے مطلق قائل نہ تھے جدت اور نئی روشنی کے حامی تھے لیکن ایک دوستی کے معاملے میں ہمیشہ قدامت پرست تھے۔''

سوال ۱۵۔ درج ذیل اشعار کی تشریح لکھیں۔

(۱) لائے نہ کیوں یہ نغمہ ملائک کو وجد میں ۔ گاتا ہے جس کو بلبل بستان مصطفیٰ

(۲) اسلام کا زمانے میں سکہ بٹھا دیا ۔ اپنی مثال آپ ہیں یاران مصطفیٰ

سوال ۱۶۔ سبق ''بنت بہادر شاہ'' یا نظریہ پاکستان کا خلاصہ لکھیں۔

سوال ۱۷۔ ڈرامہ ''قرطبہ کا قاضی'' اسلام کی کس شان کو ظاہر کرتا ہے؟

سوال ۱۸۔ قومی زبان اور علاقائی زبانوں کے باہمی تعلق کے بارے میں ایک مضمون لکھئے۔

یا چھوٹے بھائی کو خط لکھئے جس میں سیلاب زدگان کی مدد کا ذکر ہو۔